یہ کتاب نہیں ایک نمبر کا فتنہ ہے

تقویۃ الایمان

تالیف

مولانا محمد اسمٰعیل شہید دہلوی

ناشر

فخر العبید اعظمی

مکتبہ نعیمیہ صدر بازار مئوناتھ بھنجن یوپی

12/-

قصد کرتے ہیں اور رنج اور تکلیف سفر کی اٹھا کے میلے کچیلے ہوکر وہاں پہنچتے ہیں اور اس کے نام پر وہاں جانور ذبح کرتے ہیں اور اس کا طواف کرتے ہیں اور اپنے مالک کی تعظیم جو دل میں بھر رہی ہے وہاں جاکر خوب نکالتے ہیں، کوئی چوکھٹ کو چومتا ہے، کوئی دروازے کے سامنے دعا کر رہا ہے کوئی غلاف پکڑے ہوئے التجا کر رہا ہے، کوئی اس کے پاس اعتکاف کی نیت سے بیٹھ کر رات دن اللہ کی یاد میں مشغول ہے کوئی ادب سے کھڑا ہوا اسکو دیکھ ہی رہا ہے۔

غرض اس قسم کے کام اللہ کی تعظیم کے کرتے ہیں اور اللہ ان سے راضی ہے اور ان کو دین و دنیا کا فائدہ حاصل ہوتا ہے، سو اس قسم کے کام کسی اور کی تعظیم کے لئے نہ کیا چاہئے اور کسی قبر پہ یا چلہ پر یا کسی کے تھان پہ دور دور سے قصد کرنا اور سفر کی رنج و تکلیف اٹھا کر، میلے کچیلے ہوکر وہاں پہنچنا اور وہاں جاکر جانور چڑھانا اور منتیں پوری کرنی اور کسی قبر یا مکان کا طواف کرنا اور اس کے گرد و پیش کے جنگل کا ادب کرنا یعنی وہاں شکار نہ کرنا، درخت نہ کاٹنا، گھاس نہ اکھاڑنا اور اس قسم کے کام کرنے اور ان سے کچھ دین و دنیا کے فائدہ کی توقع رکھنی یہ سب شرک کی باتیں ہیں ان سے بچنا چاہئے کیونکہ یہ معاملہ خالق ہی سے کیا چاہئے کسی مخلوق کی یہ شان نہیں کہ اس سے یہ معاملہ کیجئے۔

غیر اللہ کے نام پر شہرت دی ہوئی چیز حرام ہے۔

قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی اَوْ فِسْقًا اُهِلَّ لِغَیْرِ اللّٰهِ بِهٖ ۔

فرمایا اللہ صاحب نے سورہ انعام میں یا گناہ کی چیز کہ مشہور کی گئی ہو اللہ سوا اور کی کرکے